NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor David C. Banks

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

این وائی سی پبلک اسکولز کے ساتھ مصروف رہنے کے وسائل

نیو یارک کے عزیز مکین،

اس مئی میں، میں بطور چانسلر اپنے دور کا ایک خاص سنگِ میل عبور کروں گا: میں تمام 36 اجتمائی اور شہر گیر تعلیمی کونسلوں (CECs) کے ٹاؤن ہال اجلاسوں میں شرکت کروں گا۔ یہ اجلاس، جو پوری برادری کے لیے کھلی ہیں، گزشتہ دو سے زائد سالوں کے دوران میرے لیے ایک نمایاں حیثیت کی حامل رہے ہیں۔ میں نے طلباء کی شاندار کارکردگی دیکھی ہیں، والدین اور عملے کے غورطلب سوالات کے جوابات دیے ہیں، اور این وائی سی ریڈز جیسے اہم اقدامات کے بارے میں تفصیلات کا تبادلہ کیا ہے۔

CEC کے اجلاس آپ کے شہر میں کیا ہو رہا ہے، کے بارے میں مزید جاننے کا ایک زبردست طریقہ ہے لیکن صرف یہ ہی ایک واحد طریقہ نہیں ہے۔ اس ہفتے کے PS + You میں، میں اپنے شہر کے اسکولوں کے ساتھ سرگرمِ عمل ہونے کے لیے چند اضافی وسائل کا اشتراک کرنا چاہتا ہوں:

- دا مارننگ بیل (The morning Bell)ہمارے این پبلک اسکولز (NYCPS) کی ویب سائٹ پر ایک نیا ہفتہ وار بلاگ ہے، جس میں اس بارے میں اہم معلومات اور وائی سی قصے کہانیاں ہیں کہ ہمارے اسکولوں میں اس وقت کیا ہو رہا ہے، اس کے علاوہ آپ کے بچے کے سیکھنے کے سفر میں معاونت کے لیے وسائل بھی موجود ہیں۔ آپ کو ہر ماہ تمام گریڈز کے لیے کتابوں کی تجاویز، آنے والے مہینے کی اہم اور حتمی تاریخوں کا جائزہ اور طلباء کے

لیے دستیاب مواقع کی جامع معلومات حاصل ہوں گی۔ مارننگ بیل آپ کو کلاسوں کے اندر لے جاتا ہے جہاں ہمارے اسکولوں، عملے کے اراکین، اور طلباء کے بارے میں وہ باتیں اور پروفائلز دستیاب ہوتے ہیں جو آپ کہیں اور سے حاصل نہیں کر سکتے۔

- والدین یونیورسٹی یا Parent U ایک آن لائن کورس انتظامی ذریعہ اور وسائل کا نظام ہے جہاں نیو یارک شہر کے خاندان کالج کی تیاری اور خصوصی تعلیم سے لے کر ذہنی صحت کی خاص تعلیم تک کے موضوعات پر بلامعاوضہ تربیت حاصل کرنے کے لیے اندراج کروا سکتے ہیں۔ مواد دن میں 24 گھنٹے، طلب کرنے پر (آن ڈیمانڈ) دستیاب ہوتا ہے، اس لیے اہلِ خانہ کو کسی بھی وقت شرکت کرنے کی سہولت حاصل ہوتی ہے۔ اگر کوئی ایسا کورس ہے جو آپ کو Parent U پر نہیں مل رہا ہے جسے آپ دیکھنا چاہتے ہیں، تو ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ ہمیں ParentU@schools.nyc.gov پر اپنی سفارشات بھیجیں۔

- آخر میں، ہمارے سوشل میڈیا صفحات آگاہ رہنے کا ایک اور بہترین طریقہ ہیں۔ NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے، ہمیں انسٹاگرام، فیس بُک اور X پر ملاحظہ کریں۔

شامل رہنے کے موضوع پر، میں ان بہت سے والدین اور اہلِ خانہ رضاکاروں کے ساتھ اپنی قدرشناسی کا اظہار کرنا چاہتا ہوں جو ہر روز ہمارے اسکولوں کی مدد کرتے ہیں۔ اپریل 27-21 رضاکاروں کا قومی ہفتہ ہے، لہٰذا جب ہم موسمِ بہار کے وقفے سے واپس آئیں، تو ان رضاکاروں کا شکریہ ادا کرنا یقینی بنائیں جو آپ کے اسکول میں مدد اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے تازہ ترین معلومات براہِ راست موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔